ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (109)

مورخہ 14/02/2023

**بہاولپور( )تھانہ صدر یزمان کے علاقہ میں ڈاکوں کی واردات کی کوشش ناکام۔دو ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک۔ پولیس کارروائی میں مصروف۔ ہلاک ملزمان متعدد وارداتوں میں مطلوب تھے۔ہلاک ڈاکوں کی شناخت اشفاق ولد دارا اور امتیاز عرف امتیازی کے نام سے ہوئی۔پولیس تھانہ صدر یزمان تمام تر قانونی پہلوں کو مدنظر رکھتے ہوئے باضابطہ کارروائی عمل میں لا رہی ہے۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق پولیس کو ریسکیو 15 پر اطلاع موصول ہوئی کہ 4/5 کس نامعلوم ڈاکوں نے واردات کی کوشش ناکام۔ پولیس اطلاع پا کر موقع پر پہنچی اور تحقیقات شروع کیں۔ نامعلوم ڈاکوں نے ایک گاڑی کو روکنے کی کوشش کی۔مگر کار سوار نے گاڑی نہ روکی تو پیچھے کھڑے ڈاکوں نے اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی جس سے گاڑی کا بہت نقصان ہو گیا۔سامنے سے گاڑی کی لائٹس دیکھ کر باقی ڈاکو فرار ہو گئے کار سوار نے نیچے اتر کر دیکھا تو دو کس نامعلوم ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گئے تھے۔جن کے پاس اسلحہ بھی موجود تھا۔دو عدد موٹر سائیکل بھی موقع پر موجود تھے۔ ہلاک ڈاکوں کا اسلحہ و موٹر سائیکل وغیرہ قبضہ پولیس میں لے لیا گیا۔کار سوار نے نے پولیس کو اطلاع دی جس پر پولیس نے فوری موقع پر پہنچ کر کرائم سین کو پراسس کیا۔ ہلاک ڈاکوں کی شناخت اشفاق ولد دارا اور امتیاز عرف امتیازی کے نام سے ہوئی۔ہلاک ڈاکو پولیس کو متعدد ڈکیتی، راہزنی اور قتل کی وارداتوں میں مطلوب تھے۔تھانہ سمہ سٹہ میں مقدمہ درج رجسٹر ہوا۔مفرور ملزمان کی تلاش و پتہ براری کے لیے تمام وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔پولیس واقعہ کی تحقیقات کر رہی ہے۔اور قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔

ترجمان پولیس بہاولپور

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(110)

14-02-2023

**بہاول پور()ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی زیرنگرانی بہاولپور پولیس نے رواں ماہ میں قتل، تیزاب گردی اور منشیات فروشی کے مختلف مقدمات میں ملوث ملزمان کو بہترین تفتیش کے باعث کیفر کردار تک پہنچایا، بہاولپور پولیس کی شب وروز کی محنت اور میرٹ پر تفتیش کی بدولت عدالتوں میں ٹرائل کے بعد 01 ملزم کو عمر قید تیزاب گردی کے مقدمہ میں ملوث 02 ملزمان کو 14 سال قید و جرمانہ، خاتون منشیات فروش سمیت 02 ملزمان کو مختلف سزائیں ۔دستیاب وسائل اور جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے میرٹ پر تفتیش جاری رکھی جائیں، تاکہ معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جاسکے۔ڈی پی او سید محمد عباس۔**

بہاول پور(    )تفصیل کے مطابق بہاولپور پولیس نے میرٹ پر اندراج مقدمات اور تکمیل تفتیش کی بدولت متعدد ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچایا۔ملزمان کو پولیس کی کامیاب تفتیش کی بدولت قانون رائج الوقت کے مطابق سزائیں دلوائی گئیں۔مقدمہ نمبر 204/22 تھانہ صدر بہاولپور میں قتل کے مقدمہ میں معزز عدالت ہائے نے فیصلہ سناتے ہوئے ملزم ساجد کو عمر قید اور 03 لاکھ روپے جرمانہ کا حکم سنادیا۔مقدمہ نمبر 100/22 تھانہ قائمپور میں تیزاب گردی کے مقدمہ کے علاوہ مختلف مقدمات میں معزز عدالت ہائے نے فیصلہ سناتے ہوئے ملزمان سجاد اور نعیم کو 19 سال قید و 07 لاکھ 50 ہزار روپے جرمانہ کا حکم سنادیا۔جبکہ مقدمہ نمبر 785/22 تھانہ سول لائنز میں منشیات فروشی کے مقدمہ میں معزز عدالت ہائے نے ملزمہ نسرین مائی عرف ناہید کو 09 سال قید و 80 ہزار روپے جرمانہ کا حکم سنادیا۔مقدمہ نمبر 260/22 تھانہ خیرپور ٹامیوالی میں منشیات فروشی کے مقدمہ میں معزز عدالت ہائے نے ملزم اورنگ زیب کو 04 سال 06 ماہ قید و 20 ہزار روپے جرمانہ کا حکم سنادیا درج تھا۔۔مقدمہ نمبر 726/22 تھانہ عباسنگر میں منشیات فروشی کے مقدمہ میں معزز عدالت ہائے نے ملزم کو 06 سال قید و 30 ہزار روپے جرمانہ کا حکم سنادیا درج تھا۔اس ضمن میں ڈی پی او سید محمد عباس نے کہا کہ یہ بہاولپور پولیس کی موثر تفتیش کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ کہ معزز عدالت ہائے نے معاشرے میں بدامنی اور ناسور پھیلانے والے ملزمان کو عبرت ناک سزائیں سنائی۔ڈی پی او نے بہترین تفتیش پر تفتیشی آفسران کو سراہا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور پولیس نے رواں ماہ میں قتل، تیزاب گردی اور منشیات فروشی کے مختلف مقدمات میں ملوث ملزمان کو بہترین تفتیش کے باعث کیفر کردار تک پہنچایا

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(109)

14.02.2023

**بہاولپور ( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے مشکوک اشخاص کی چیکنگ کو یقینی بنانے بارے ہدایات جاری کیں۔ ہوٹل آئی اور ٹریول آئی سافٹ ویئر کے ذریعے افراد اور مسافروں کی چیکنگ انتہائی اہم،۔جرائم پیشہ افراد کی نقل وحرکت کو محدود کیا جائے گا،ڈی پی او سید محمد عباس۔**

تفصیل کے مطابق آئی جی پنجاب کی ملزمان کی گرفتاریوں کے حوالے سے متعلق پالیسی کے تحت ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے جرائم پیشہ افراد کی نقل وحرکت کو محدود کرنے اوران کی گرفتاری کیلئے ضلع کے تمام ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کردیں۔اب تک بہاولپور پولیس نے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے چیکنگ کا سلسلہ رکھا ہوا ہے۔جس کو مزید بہتر بنانے کیلئے ڈی پی او نے تمام ایس ایچ اوز کو ٹاسک دیا کہ تمام ہوٹلز،سرائے،بس اڈوں پر ٹریول آئی اور ہوٹل آئی سافٹ ویئرز کو مزید ایکٹو کیا جائے۔جو بھی مسافر سفر کرے گا یا ٹکٹ خرید کرے گا اسکا شناختی کارڈ لازمی طور پر چیک کیا جائے اور اسے سافٹ ویئر میں انٹر کیا جائے۔ جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے مشکوک افراد پر کڑی نگرانی کی جائے، دوران چیکنگ ہوٹل آئی سسٹم کے ذریعے ہوٹلز پر آنے والے تمام مہمانوں کو چیک کیا جائے تا کہ مجرمان اشتہاری وعدالتی مفروران کے خلاف کارروائیاں کر کے ملزمان کو گرفتار کیا جاسکے۔سمارٹ آئی سافٹ ویئر کو سیکیورٹی کے عمل کا مستقل فیچر بنایا گیا ہے۔ اگر مجرمانہ ریکارڈ رکھنے والا کوئی شخص چیک ان کرتا ہے تو پولیس کو اطلاع بھیجی جاتی ہے اوراس سلسلے میں مناسب کارروائی کی جاتی ہے۔حکومت پنجاب نے ہوٹلوں کے لیے یہ لازمی قرار دیا کہ وہ مہمانوں کی تفصیلات کے اندراج کے لیے ہوٹل آئی سسٹم اور مسافروں کی تفصیلات کے اندراج کے لیے ٹریول آئی سسٹم کا استعمال کریں۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کیں کہ اس پر عمل درآمد کو ہر صورت یقینی بنایا جائے،جس ایس ایچ او کے ایریا سے اس سسٹم کے تحت ملزمان گرفتار ہوں گے یہ اس متعلقہ آفیسر کی بہتر کارکردگی اور کنٹرول کو بھی ظاہر کرتا ہے۔اسی طرح جو بھی ہوٹل مالکان یا اڈہ مالکان ان حکومتی ہدایات پر عملدرآمد نہیں کرتے ان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

